# مشکل الفاظ کے معنی

## قصہ حضرت زکریا علیہ السلام

| نمبر شمار | الفاظ | معنی | حوالہ |
|---|---|---|---|
| 1. | اسباب | سبب کی جمع، باعث، وجہ، لئے، واسطے | صفحہ: ۶، پیراگراف: ۳، سطر: ۶ |
| 2. | آل | اولاد، بیٹا بیٹی، بچے، خاندان، کنبہ | صفحہ: ۶، پیراگراف: ۴، آخری سطر |
| 3. | ائمہ | امام کی جمع (امام: پیشوا، آگے چلنے والا، ہادی، رہبر، رہنما) | صفحہ: ۶، پیراگراف: ۲، سطر: ۴ |
| 4. | بانجھ | وہ عورت جس میں اولاد پیدا کرنے کی صلاحیت نہ ہو | صفحہ: ۷، پیراگراف: ۲، سطر: ۱ |
| 5. | سرکش | باغی، نافرمان، حکم نہ ماننے والا | صفحہ: ۷، پیراگراف: ۵، سطر: ۵ |
| 6. | کامل | پورا، تمام، سب، سارا، ماہر، پُرہنر، پہنچا ہوا | صفحہ: ۷، پیراگراف: ۱، سطر: ۳ |
| 7. | کفالت | ذمہ داری، ضمانت، نان نفقہ اور خرچ وغیرہ کی ذمہ داری | صفحہ: ۶، ہیڈنگ: ۱ |
| 8. | مَنّت | نیت، نذر، عہد، نیاز | صفحہ: ۶، پیراگراف: ۲، سطر: ۱ |
| 9. | نذر | کسی بات یا عہد کو اپنے اوپر لازم کر لینا، منّت ماننا، نیت کرنا | صفحہ: ۹، پیراگراف: ۴، پہلی سطر |
| 10. | وارث | میراث لینے والا، حقدار، مردے کے مال میں حصے لینے والا | صفحہ: ۶، پیراگراف: ۴، آخری سطر |
| 11. | وقف | وہ چیز جو کسی کی ملکیت نہ ہو اور خدا کی راہ میں دے دی جائے | صفحہ: ۶، پیراگراف: ۲، سطر: ۲ |

## قصہ حضرت مریم علیہا السلام

| نمبر شمار | الفاظ | معنی | حوالہ |
|---|---|---|---|
| 1. | اندیشہ | فکر، خیال، ڈر، کھٹکا، خوف، خطرہ | صفحہ: ۱۱، پیراگراف: ۲، سطر: |
| 2. | برس پڑنا | ڈانٹنا، پھٹکارنا، غصہ کرنا، جھڑکنا | صفحہ: ۱۱، پیراگراف: ۵، سطر: |
| 3. | پاک دامنی | باعِصمت رہنا، پارسائی، بُرائیوں سے بچنا | صفحہ: ۱۱، پیراگراف: ۳، سطر: |
| 4. | تخلیق | پیدائش، پیدا کرنا، وجود میں لانا | صفحہ: ۱۰، پیراگراف: ۵، آخری سطر |
| 5. | حاملہ | وہ عورت جس کے پیٹ میں بچہ ہو | صفحہ: ۱۱، سطر: ۳ |
| 6. | حَمل | بچہ جو عورت کے پیٹ میں ہو، بوجھ، وزن | صفحہ: ۲۰، آیت: ۲۲ |
| 7. | دائی | دایہ یا خادمہ جو پیدا ہونے والے بچے اور اس کی ماں کی دیکھ بھال کرے | صفحہ: ۱۱، پیراگراف: ۳، سطر: |
| 8. | دنگ رہ جانا | حیران ہو جانا، ششدر رہ جانا، ہکا بکا ہونا | صفحہ: ۱۳، پیراگراف: ۲، سطر: |

NOT FOR SALE

| | | | |
|---|---|---|---|
| .2 | اکسانا | آمادہ کرنا، کسی کام کی جانب توجہ دلانا، ابھارنا، جوش پیدا کرنا | صفحہ:۲۶، آیت: ۸۳ |
| .3 | بدکار | بدفعل، فاسق، برائی کرنے والا | صفحہ:۱۸، آیت: ۲۰ |
| .4 | بھولی بسری | گئی گزری، بھولی ہوئی | صفحہ:۲۰، آیت: ۲۳ |
| .5 | پیروی کرنا | تقلید، کسی کے عمل کو نمونہ بنا کر ویسا ہی کام کرنے کا عمل، کسی کی نقل کرنا، اطاعت کرنا، فرمان برداری کرنا | صفحہ:۲۲، آیت: ۴۳ |
| .6 | ثلاثہ | عربی میں تین "۳" کو کہتے ہیں | صفحہ:۱۶، پیراگراف: ۲، سطر: ۱ |
| .7 | جانشین | قائم مقام، نائب، وارث | صفحہ:۲۳، آیت: ۵۹ |
| .8 | دردِزہ | بچہ پیدا ہونے کا درد | صفحہ:۲۰، آیت: ۲۳ |
| .9 | رَجم | کسی کو پتھر مار مار کر ہلاک کرنے کی سزا، سنگسار کرنا | صفحہ:۲۲، آیت: ۴۶ |
| .10 | شق ہو جانا | پھٹ جانا، شگاف پڑجانا، دراڑ پڑ جانا | صفحہ:۲۶، آیت: ۹۰ |
| .11 | عرصہ حیات | زندگی کی مدت، زندگی کا زمانہ، دور، زندگی کا دورانیہ | صفحہ:۱۶، سطر: ۲ |
| .12 | عنقریب | بہت جلد، نزدیک، قریب | صفحہ:۲۳، آیت: ۵۹ |
| .13 | ناخلف | وہ بیٹا جو باپ کے اوصاف نہ رکھتا ہو، نالائق لڑکا یا اولاد | صفحہ:۲۳، آیت: ۵۹ |
| .14 | ہانک | آواز، شوروغل | صفحہ:۲۶، آیت: ۸۶ |

## سُوْرَۃُ طٰہٰ

| نمبر شمار | الفاظ | معنی: | حوالہ |
|---|---|---|---|
| .1 | اعراض کرنا | منہ پھیر لینا، انکار کرنا، کنارہ کشی کرنا، پرہیز، اجتناب کرنا | صفحہ:۳۰، پیراگراف: ۲، سطر: ۴ |
| .2 | بَرہنہ | عُریاں، ننگا، بغیر لباس کے ہونا | صفحہ:۳۴، آیت: ۱۱۸ |
| .3 | پوشیدہ | مخفی، چھپا ہوا، خفیہ، درپردہ، پیٹھ پیچھے، بغیر دیکھے | صفحہ:۳۰، آیت: ۷ |
| .4 | تحمل | بُردبار، برداشت، نرم دلی | صفحہ:۳۰، پیراگراف: ۳، سطر: ۲ |
| .5 | معاش | روزگار، روزی، رزق، نوکری، کاروبار | صفحہ:۳۴، آیت: ۱۲۴ |
| .6 | جلوہ فرما ہونا | ظاہر ہونا، نمودار ہونا، متوجہ ہونا، شان وشوکت، حسن، قائم ہونا | صفحہ:۳۰، آیت: ۵ |
| .7 | خطا | غلطی، قصور، بھول چوک، لغزش | صفحہ:۳۴، آیت: ۱۰۵ |

NOT FOR SALE

## سُوْرَۃُ النَّمْل

| نمبر شمار | الفاظ | معنی | حوالہ |
|---|---|---|---|
| 1. | اوندھے | اُلٹا، جس کا اوپر کا حصہ نیچے اور نیچے کا اوپر ہو | صفحہ:۱۱۸، آیت:۹۰ |
| 2. | توفیق | اللہ ﷻ کا بندے کی کسی نیک خواہش کے موافق اسباب بہم پہنچانا، اللہ ﷻ کی طرف سے ہدایت یا تائید، فراخی، وسعت | صفحہ:۱۰۸، آیت: ۱۹ |
| 3. | حشمت | شان و شوکت، سامان لشکر، اسباب فوج | صفحہ:۱۰۶، پیراگراف:۱، سطر:۲ |
| 4. | خوشنما | بھلا کر دکھانا، سجا دینا، آراستہ کر دینا | صفحہ:۱۰۶، آیت:۴ |
| 5. | سُلگنا | آگ پکڑنا، آہستہ آہستہ جلنا، دھواں دیتے ہوئے جلنا | صفحہ:۱۰۶، آیت:۷ |
| 6. | سینکنا | گرماہٹ، تپش، گرمائی، حرارت حاصل کرنا۔ | صفحہ:۱۰۶، آیت:۷ |
| 7. | شوکت | قوت، زور، رُعب، دبدبہ | صفحہ:۱۰۶، پیراگراف:۱، سطر:۳ |
| 8. | قطعی | یقینی، بلاشبہ، آخری، حتمی، فیصلہ کن | صفحہ:۱۱۰، آیت:۳۲ |
| 9. | کاری گری | ہنر مندی، مہارت | صفحہ:۱۱۸، آیت:۸۸ |
| 10. | منحوس | نامبارک، بد شگونی، ناسازگاری، ناموافقت، بُرا اثر، بد قسمتی، کم بختی | صفحہ:۱۱۴، آیت:۴۷ |

## سُوْرَۃُ الْقَصَص

| نمبر شمار | الفاظ | معنی | حوالہ |
|---|---|---|---|
| 1. | اِترانا | گھمنڈ کرنا، غرور کرنا، شیخی مارنا، تکبر کرنا، اکڑ کر چلنا | صفحہ:۱۲۶، آیت: ۷۶ |
| 2. | تحقیق | چھان بین، دریافت، جستجو، حالات واقعات معلوم کرنا | صفحہ:۱۲۸، آیت: ۷۸ |
| 3. | ٹھاٹ باٹ | شان و شوکت، سامان عیش | صفحہ:۱۳۰، سوال: ۱ (۳) |
| 4. | جمعیت | گروہ، سپاہ، فوج، دستہ، جتھا، افرادی قوت | صفحہ:۱۲۸، آیت: ۷۸ |
| 5. | معیشت | وہ چیزیں جن سے زندگی گزاریں، گزر بسر کا ذریعہ، روزگار، روزی، معاش، کاروبار | صفحہ:۱۲۴، آیت:۵۸ |
| 6. | مکالمہ | دو یا دو سے زیادہ اشخاص کی گفتگو، دو شخصوں کے مابین بات چیت یا سوال جواب | صفحہ:۱۲۲، پیراگراف:۱، سطر:۲ |

## سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْت

| نمبر شمار | الفاظ | معنی | حوالہ |
|---|---|---|---|
| 1. | جھوٹ گھڑنا | جھوٹ بنانا، خلاف حقیقت بات کرنا | صفحہ:۱۳۵، آیت:۱۷ |
| 2. | حَرم | قابل عزت شے، مقدس چیز، احترام کے لائق، محترم یا مکے مدینے اور ان کے ارد گرد کے چند میل کا علاقہ حَرم کہلاتا ہے | صفحہ:۱۴۰، آیت:۶۷ |
| 3. | حشرات | چھوٹے کیڑے مکوڑے | صفحہ:۱۴۳، گھریلو سر گرمی:۲ |
| 4. | رَنج | دکھ، درد، تکلیف، غم | صفحہ:۱۳۲، پیراگراف:۱، سطر:۵ |
| 5. | لعنت | اللہ ﷻ کی رحمت سے محرومی، عذاب، مصیبت، ذلت | صفحہ:۱۳۶، آیت:۲۵ |
| 6. | فساد مچانے والا | فتنہ پھلانے والا، جھگڑا کرنے والا، لڑا دینے والا، شریر | صفحہ:۱۳۶، آیت:۳۰ |

## سُوْرَةُ الرُّوْم

| نمبر شمار | الفاظ | معنی | حوالہ |
|---|---|---|---|
| 1. | اموال | مال و دولت، سامان، اثاثے | صفحہ:۱۵۰، آیت: ۳۹ |
| 2. | تری | خشکی کی ضد، نمی، رطوبت، گیلا پن | صفحہ:۱۵۰، آیت: ۴۱ |
| 3. | ٹلنا | جگہ سے ہٹنا، سرک جانا؛ کھسکنا، ملتوی ہو جانا | صفحہ:۱۵۲، آیت: ۴۳ |
| 4. | مذمت | بُرا کہنا، عیب بتانا، توہین کرنا | صفحہ:۱۴۴، پیراگراف:۱، سطر:۷ |
| 5. | مُرجھائی ہوئی | پھول پتوں وغیرہ کا سوکھنا اور خشک ہو جانا، اداس ہونا، افسردہ ہونا، غمگین ہونا، رنگ اُڑ جانا یا پھیکا پڑ جانا، | صفحہ:۱۵۲، آیت:۵۱ |
| 6. | مغلوب | جس پر غلبہ پالیا گیا ہو، دبایا ہوا، ہارا ہوا، شکست دیا ہوا | صفحہ:۱۴۴، آیت:۲ |
| 7. | وبال | سختی، عذاب، قہرِ الٰہی، گناہوں کی سزا، آفت، مصیبت | صفحہ:۱۵۲، آیت:۴۴ |
| 8. | وسط | بیچوں بیچ، عین درمیان، مرکز، بالکل وسط میں | صفحہ:۱۴۴، پیراگراف:۱، سطر:۱ |
| 9. | یکسوئی | دل جمعی، اطمینان، فرصت، پوری توجہ کے ساتھ | صفحہ:۱۴۸، آیت:۳۰ |

## سُوْرَةُ لُقْمٰن

| نمبر شمار | الفاظ | معنی | حوالہ |
|---|---|---|---|
| 1. | سائبان | سایہ دینے والا، سہارا، امان، پناہ دینے والا | صفحہ:۱۶۴، آیت:۳۲ |
| 2. | شیخی بگھارنا | ڈینگ مارنا، بڑائی جتانا | صفحہ:۱۶۵، علم و عمل کی باتیں:۶ |

NOT FOR SALE

| | | | |
|---|---|---|---|
| 3. | مصائب | تکالیف، مصیبتیں، آفتیں، بلائیں، مصیبت کی جمع | صفحہ:۱۶۵، علم و عمل کی باتیں:۵ |

## سُوۡرَةُ السَّجۡدَة

| نمبر شمار | الفاظ | معنی | حوالہ |
|---|---|---|---|
| 1. | فراموش کرنا | بُھلادینا، ذہن سے اُتار دینا، نظر انداز کرنا، چھوڑ دینا، بے رُخی کرنا | صفحہ:۱۷۳، علم و عمل کی باتیں:۴ |
| 2. | منصب | فرض، ذمہ داری، عہدہ، ملازمت، مقام | صفحہ:۱۷۴، سوال:۱(۵) |

## سُوۡرَةُ سَبَا

| نمبر شمار | الفاظ | معنی | حوالہ |
|---|---|---|---|
| 1. | آب پاشی | چھڑکاؤ، پودوں کو پانی دینا، کھیتوں کو پانی دینا، سیر اب کرنا، پہنچنا | صفحہ:۱۷۶، پیراگراف:۱، سطر: |
| 2. | بازپرس کرنا | پوچھ گچھ کرنا، محاسبہ کرنا، سوالات کرنا | صفحہ:۱۸۷، علم و عمل کی باتیں: |
| 3. | جنون | دیوانہ پن، پاگل پن، عقل کھو بیٹھنا | صفحہ:۱۷۸، آیت:۸ |
| 4. | جھاؤ کا درخت | ایسا درخت جو دریا کے کنارے ہوتا ہے جس کے پتوں سے ٹوکریاں بنائی جاتی ہیں | صفحہ:۱۸۰، آیت:۱۶ |
| 5. | زراعت | کاشتکاری، زرعی کام، کھیتی باڑی | صفحہ:۱۸۹، گھریلو سرگرمی:۲ |
| 6. | طوق | وہ زنجیریں جو مجرم کے گلے میں پہنائی جاتی ہیں | صفحہ:۱۸۴، آیت:۳۳ |

## سُوۡرَةُ فَاطِر

| نمبر شمار | الفاظ | معنی | حوالہ |
|---|---|---|---|
| 1. | تقابلی | مقابلہ، موازنہ | صفحہ:۲۰۱ سوال:۱(۴) |
| 2. | تھامنا | روکنا، باندھنا، ٹھہرانا، جانے نہ دینا، سنبھالنا، قابو میں رکھنا | صفحہ:۱۹۹، علم و عمل کی باتیں: |
| 3. | خسارہ | نقصان، کمی، گھاٹا | صفحہ:۱۹۴، آیت:۲۹ |
| 4. | دستور | عادت، معمول، طور طریقہ، قانون، ضابطہ، رسم ورواج، قاعدہ | صفحہ:۱۹۶، آیت:۴۳ |
| 5. | گھاٹیاں | دو پہاڑوں کے بیچ کا دشوار گزار راستہ، درہ، وہ میدان یا نشیبی زمین جو پہاڑوں کے درمیان واقع ہو | صفحہ:۱۹۴، آیت:۲۷ |
| 6. | من گھڑت | خود سے بنایا ہوا، مصنوعی، فرضی، جعلی | صفحہ:۲۰۱، سوال:۱(۳) |
| 7. | ہلاکت خیزی | تباہی، بربادی | صفحہ:۱۹۰، پیراگراف:۱، سطر:۳ |
| 8. | جننا | بچہ پیدا کرنا | صفحہ:۱۹۲، آیت:۱۱ |

NOT FOR SALE

## سُوْرَۃُ یٰسٓ

| نمبر شمار | الفاظ | معنی | حوالہ |
|---|---|---|---|
| 1. | آنکھیں مٹانا | اندھا کرنا، بے نور کر دینا | صفحہ:۲۰۸، آیت:۶۶ |
| 2. | تصفیہ | فیصلہ، صلح، سمجھوتا | صفحہ:۲۱۴، پیراگراف: ۲، سطر: ۵ |
| 3. | ٹھوڑیاں | ٹھوڑی کی جمع، چہرہ کا نچلا حصہ، Chin | صفحہ: ۲۰۲، آیت: ۸ |
| 4. | دستِ قدرت | پورا اختیار ہونا، مکمل قابو ہونا، بھرپور قوت وطاقت ہونا، قابلیت | صفحہ:۲۱۰، آیت:۸۳ |

## سُوْرَۃُ صٓ

| نمبر شمار | الفاظ | معنی | حوالہ |
|---|---|---|---|
| 1. | اَذیت | جسمانی تکلیف، دکھ، ذہنی کوفت، روحانی صدمہ | صفحہ:۲۲۰، آیت: ۴۱ |
| 2. | اقدام | پیش قدمی، تدبیر، عمل | صفحہ:۲۱۴، پیراگراف: ۲، سطر: ۳ |
| 3. | تکلف | ایسی بات دِکھانا جو اپنے میں نہ ہو، ظاہرداری، بناوٹ، زحمت اٹھا کر کوئی کام کرنا، اپنے اوپر تکلیف گوارا کرنا | صفحہ:۲۲۴، آیت: ۸۶ |
| 4. | سرنگوں | سَر کے بَل، شرمندہ، اوندھے منہ | صفحہ:۲۱۴، پیراگراف:۴، سطر:۲ |
| 5. | عالَمِ بالا | اس کائنات سے پرے روحوں اور فرشتوں کا جہاں یا کُرّہ زمین سے اوپر کا حصہ، فضائے آسمانی | صفحہ:۲۲۴، آیت:۶۹ |
| 6. | کپڑے جھاڑ کر اُٹھ کھڑے ہونا | اُٹھ کر چلے جانا، ناپسندگی اور ناراضگی کا اظہار کرنا، | صفحہ:۲۱۴، پیراگراف:۴، سطر:۴ |
| 7. | مجلسِ مشاورت | وہ کمیٹی یا مجلس جو مختلف امور پر باہم صلاح ومشورہ کرے | صفحہ:۲۱۴، پیراگراف:۲، سطر:۲ |
| 8. | مَشروب | پینے کی چیز | صفحہ:۲۲۲، آیت:۵۱ |
| 9. | ہدف | نشانہ، مقصد، Target | صفحہ:۲۱۴، پیراگراف:۲، سطر:۴ |

## سُوْرَۃُ الْاَحْقَاف

| نمبر شمار | الفاظ | معنی | حوالہ |
|---|---|---|---|
| 1. | اُف | (محاورہ) افسوس | صفحہ:۲۳۲، آیت:۱۷ |
| 2. | ٹیلہ | تودہ، پہاڑی، اونچی زمین، مٹی پتھر وغیرہ کا انبار | صفحہ:۲۲۸، پیراگراف: ۱، سطر: ۱ |
| 3. | مسکن | رہنے کی جگہ، ٹھکانا، رہائش، جائے سکونت | صفحہ:۲۲۸، پیراگراف:۱، سطر:۲ |

NOT FOR SALE